26 ستمبر، 2024

عزیز اہلِ خانہ،

سب سے پہلے اور اہم، میں آپکا اپنے بچوں کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکولز پر اعتماد کرنے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ میں آپ کے ساتھ اس خبر کا اشتراک کرنے کے لیے لکھ رہا ہوں کہ تقریباً 40 سال تک اس شہر کے بچوں اور خاندانوں کی خدمت کرنے کے بعد، میں نے اس کیلنڈر سال کے آخر میں ریٹائر ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔

میرے بطور اسکول حفاظتی ایجنٹ کے آغاز کے دنوں سے میرے استاد، نائب پرنسپل، پرنسپل، ایگل اکیڈمی نیٹ ورک کے بانی، اور آخر میں چانسلر کے، میں نے ہمارے شہر کے بچوں کو وہ تعلیمی تجربہ فراہم کرنے کے لیے انتھک محنت کی ہے جسکے وہ مستحق ہیں—تعلیم کی بنیادیات سے لے کر مطالعے تک اور طرز معاش سے متعلقہ اختراعی مواقع تک۔

میں خود بھی نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی پیداوار ہوں، میں ایک عمدہ پبلک تعلیم کے تبدیلی لانے والے اثر میں گہرا یقین رکھتا ہوں۔ اگرچہ میں ریٹائر ہورہا ہوں، میں جانتا ہوں کہ وہ اہم کام جو ہم نے شروع کیا ہے جاری رہے گا اور اسکا اثر آنے والے سالوں تک محسوس کیا جائے گا۔

میں نے یہ کردار تقریباً تین سال قبل اپنایا تھا جسکی رہنمائی چار ستونوں نے کی تھی: طلبا کے تجربات کا از سر نو تصور؛ جو چیز پُراثر ہے اسکی پیمائش، توثیق اور بحالی؛ بہبود اور اسکی طالب علم کی کامیابی سے تعلق کو ترجیح دینا؛ اور خاندانوں اور برادریوں کو بطور حقیقی شراکت دار سرگرم عمل کرنا۔ مجھے یہ کہتے ہوئے فخر ہورہا ہے کہ ہم نے ان تمام شعبوں میں خاطر خواہ پیش رفت کی ہے۔ ہم نے این وائی سی ریڈز (NYC Reads) اور این وائی سی سالوز (NYC Solves) کا آغاز کیا، اختراعی اور استغراقی کالج اور طرز معاش کے راستے تعمیر کیے، شعبہ برائے مشمولاتی اور قابل رسائی تعلیم (Division of Inclusive and Accessible Learning) تخلیق کیا، ہمارے 45,000 سے زیادہ نیویارک کے نئے شہریوں کا خیرمقدم کیا، طلبا کے لیے دماغی صحت کی معاونتوں میں توسیع کی، ہماری اسکول برادریوں میں 1.5 بلین ڈالرکی سرمایہ کاری کی، اور بھی بہت کچھ۔ اس سب کے دوران، ہم نے طلبا، خاندانوں اور برادریوں کو مرکز میں رکھا۔

میں ڈپٹی چانسلر Melissa Aviles-Ramos کو مبارک باد دینا چاہتا ہوں جو جنوری سے چانسلر کا عہدہ سنبھالیں گی۔ Melissa نیو یارک شہر پبلک اسکولز والدین ہیں، ایک مستقل نیو یارک کی مکین، اور سب سے اہم ہمارے طلبا اور اسکول برادریوں کے لیے چیمپئن ہیں۔ مجھے مکمل اعتماد ہے کہ Melissa اس کام کے لیے درست شخص ہیں، اور مجھے یقین ہے کہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے لیے ابھی بہترین کام ہونا باقی ہے۔

ہمارے شہر کے بچوں کے لیے روشن آغاز اور تابناک مستقبل کی تعمیر ایک تاحیات اعزاز ہے۔ میں نے ہر روز انتہائی شاندار ٹیم کے ساتھ کام کرتے ہوئے خوش قسمت محسوس کیا ہے—140,000 مضبوط—انتہائی شاندار بچوں اور خاندانوں کی وجہ سے۔ میں آپکا سرگرم حمایتی اور معاون رہونگا، اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں—ہمارے خاندانوں، والدین قائدین، اور برادری کے ممبران کا— آپکی شراکت اور پُرعزمی کے لیے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks